نقد و نظر

اسلام اور عصرِ حاضر

مصنف : مولانا سمیع الحق

ملنے کا پتا : مؤتمر المصنفین، دار العلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک۔ (پشاور)

صفحات : ۶۴۰، کتابت، طباعت، کاغذ، جلد عمدہ، قیمت : ۲۷ روپے

مولانا سمیع الحق، مشہور عالمِ دین حضرت مولانا عبد الحق مدظلہ کے فرزند ارجمند ہیں۔ ماہنامہ "الحق" (اکوڑہ خٹک) کے مدیرِ اعلیٰ ہیں۔ صاف ستھری زبان اور بہترین انداز میں اپنے مافی الضمیر کی وضاحت کرتے ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب "اسلام اور عصرِ حاضر" ان کی معلومات افزا تصنیف ہے۔ کتاب سترہ ابواب پر مشتمل ہے۔ فاضل مصنف نے ہر باب میں مختلف عنوانات کے تحت زندگی کے اہم مسائل پر اظہارِ خیال کیا ہے۔ مثلاً بیسویں صدی کی مادہ پرست تہذیب اور عالمِ اسلام پر اس کے اثرات، عالمِ اسلام مغربیت کی زد میں، عورتوں کے حقوق، بے پردگی اور آزادی کا مسئلہ، عالمِ اسلام میں تجدد کی تحریک اور فتنۂ استشراق، اسلام اور سائنس، فتنہ انکارِ حدیث، اسلامی معاشیات، قرآنِ حکیم اور سیرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، فرد اور معاشرے کی اصلاح وغیرہ۔

کتاب دلچسپ اور پُر از معلومات ہے۔ دینی، سیاسی، معاشی اور علمی ہر قسم کے مسائل سلجھے ہوئے انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ اس قسم کی کتابوں کا اگر مطالعہ کیا جاتے تو زندگی کے بہت سے پیچیدہ مسائل کو سلجھانے میں مدد مل سکتی ہے اور انسان آسانی سے اپنے لیے صحیح راہ اختیار کرنے میں کامیاب ہو سکتا ہے۔

(م۔ ل۔ ب)